**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

15

سوال نمبر 1:

1- سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟
(A) شاہد احمد دہلوی (B) نذیر احمد دہلوی (C) اشرف صبوحی (D) مولوی عبدالحق

2- پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں ملا:
(A) خلعت و زیورات (B) کنکر پتھر (C) جواہرات (D) روپیا پیسا

3- 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی:
(A) غزلوں کی طرف (B) مرثیے کی طرف (C) شہر آشوب کی طرف (D) نظموں کی طرف

4- لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟
(A) پانچ کا نوٹ (B) ایک روپیا (C) چونّی (D) اٹھنی

5- چغل خور کون سا کام جانتا تھا؟
(A) معماری کا (B) کھیتی باڑی کا (C) لکڑی کا (D) لوہے کا

6- سبق "علی بخش" کے مصنف کام کے سلسلہ میں کہاں گئے تھے؟
(A) لاہور (B) جھنگ (C) شیخوپورہ (D) لائل پور

7- ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟
(A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ (C) اوقات (D) قبرستان

8- نظم "حمد" کے مطابق یہ عالم اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے بھر دیا ہے؟
(A) رنگ و بو سے (B) مخلوقات سے (C) اُجالے اور تاریکی سے (D) ان سب سے

9- شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے:
(A) ضبی (B) صحرائی (C) آسمانی (D) جنتی

10- شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے: (A) پھلواری (B) ٹوکری (C) دلکش کھیتی (D) نگری

11- "ابنِ خطاب" گرامر کی رُو سے ہے:
(A) خطاب (B) لقب (C) کنیت (D) تخلص

12- "مسواک" گرامر کی رُو سے ہے:
(A) اسم مکبر (B) اسم آلہ (C) اسم صوت (D) اسم مصغر

13- "اختر نے لکھا تھا" گرامر کی رُو سے ہے:
(A) ماضی بعید (B) ماضی شکیہ (C) ماضی تمنائی (D) ماضی استمراری

14- "اسلام" کا درست تلفظ ہے:
(A) اَسْلَامْ (B) اَسْلَام (C) اَسَلَام (D) اِسْلَام

15- "تعاون" کا درست تلفظ ہے:
(A) تُعَاوَنْ (B) تِعَاوُنْ (C) تَعَاوُنْ (D) تُعَاوُنْ

edivision.edu.pk

